سوال

(366) بیت اللہ میں سپیکر ہونے کے باوجود مکبر کا تکبیرات کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بیت اللہ میں امام کی آواز سپیکر پر سنائی دیتی ہے، اس کے باوجود سپیکر (آلہ مُکَبِرِ الصّوت) میں تکبیرات کہتا ہے، اس کی کیا ضرورت ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

مکبر کا جواز چونکہ شرع میں علی الاطلاق مسلمہ ہے، اس لئے اگر کوئی اس کو برقرار رکھتا ہے تو اس پر اعتراض نہیں ہوسکتا۔ بسا اوقات مسجد کا سپیکر خراب ہوسکتا ہے جس کا مشاہدہ بیت اللہ میں عملاً ہوچکا ہے تو اس صورت میں مکبر سے استفادہ کی ایک ضرورت بھی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :335

محدث فتویٰ